## سوال

طواف افاضہ کےلئے مانع حیض دوائی استعمال کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ طواف افاضہ کےلئے حائضہ مانع حائض دوائی استعمال کر سکتی ہے ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طواف افاضہ حج کے ارکان میں سے ایک رکن ہے جس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا۔ لہٰذا خاص طور پر اس صورت میں جبکہ غیر ملک سے آئی ہوئی عورت کے پاس وہاں قیام کا وقت بھی نہ ہو یعنی واپس جانے میں جلدی ہو تو مانع حیض دوائی استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں وہ دوائی استعمال کر کے حج جاری رکھ سکتی ہے ۔

وباللہ التوفیق

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث